NYC Department of Education

# چانسلر کا ضابط

نمبر: **D-150**
موضوع: **شہرگیر کونسل برائے خاص تعلیم اور شہرگیر ضلع 75 کونسل کے اراکینن کے انتخاب کا طریقہ کار – 4/29/2021**
زمرہ: **شہرگیر تعلیمی کونسل برائے خاص تعلیم**
جاری کردہ: **29 اپریل، 2021**

**تبدیلیوں کا خلاصہ**

یہ ضابطہ چانسلر کے ضابطے D-150 مورخہ 28 جنوری، 2021 کی تجدید کرتا ہے اور اس کی جگہ لیتا ہے۔

تبدیلیاں:

- یہ طے کرتا ہے کہ فی اہل طالبِ علم صرف ایک ووٹ کے بجائے فی اہل طالبِ علم تین ووٹ ڈالے جا سکتے ہیں (سیکشن I.E.1.b اور II.F.1.b)۔

NYC Department of Education

# چانسلر کا ضابطہ

نمبر: **D-150**
موضوع: **شہرگیر کونسل برائے خاص تعلیم اور شہرگیر ضلع 75 کونسل کے اراکینن کے انتخاب کا طریقہ کار – 4/29/2021**
زمرہ: **شہرگیر تعلیمی کونسل برائے خاص تعلیم**
جاری کردہ: **29 اپریل، 2021**

**خلاصہ**

یہ ضابطہ شہرگیر کونسل برائے خاص تعلیم ("CCSE") اور ضلع 75 کونسل ("D75 کونسل")، کے انتخاب کے مطلوبات اور نامزدگی اور منتخب کرنے کے طریقہ کار کی تفصیلات بیان کرتا ہے اور D75 کونسل کے اختیارات اور فرائض طے کرتا ہے۔ یہ آسامیوں کو پُر کرنے کا طریقہ کار بھی فراہم کرتا ہے۔

## I. شہرگیر تعلیمی کونسل برائے خاص تعلیم

A. ساخت

شہرگیر تعلیمی کونسل برائے ہائی اسکول ("CCHS") ایک ایسی شہر گیر کونسل ہونی چاہیئے جو 11 ووٹ دینے والے اراکین اور ایک ووٹ نہ ڈالنے والے طالبِ علم رکن پر مشتمل ہوتی ہے۔ اس ضابطے کے تحت ووٹ دینے والے نو(9) اراکین کو لازماً انفرادی تعلیمی پروگرام ("IEP") کے حامل بچوں کے والدین ہونا چاہئیے اور باقی دو ووٹ دینے والے اراکین کا تقرر نیویارک شہر عوامی حمایتی کرے گا۔ طالبِ علم رکن کی تقرری نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم کے دفتربرائے خاص تعلیم ("OSE") کے ذریعے کی جاتی ہے۔

B. اہلیت

1. والدین اراکین

a. CCHS میں خدمات انجام دینے والے تمام والدین اراکین کا انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) کے حامل طالبِ علم کا والدین ہونا لازمی ہے۔

b. ایک والدین کی تشریح بطور والدین (بذریعہ پیدائش یا گود لینے، سوتیلے والدین یا لے پالک والدین)، قانونی سرپرست یا بچے سے والدین کے رشتے میں وابستہ فرد کے طور پر کی جاتی ہے۔ بچے سے ایک والدین کے رشتے سے وابستہ فرد ایک ایسا فرد ہے جو کہ والدین یا قانونی سرپرست کی جگہ باقاعدگی سے بچے کی نگہداشت اور نگرانی کا براہِ راست ذمہ دار ہے۔

c. تمام والدین جنکے IEP کے حامل طلبا فی الوقت محکمئہ تعلیم ("DOE") کے ذریعے فراہم کردہ اور / یا انکے خرچے پر فی الوقت خاص تعلیم خدمات وصول کررہے ہیں وہ CCSE کی نشست کے لیے انتخاب میں حصہ لینے کے اہل ہیں۔

d. اہلیت کا تعین اس تاریخ سے کیا جاتا ہے جب والدین CCSE کی ایک نشست کے لیے انتخاب میں حصہ لینے کی درخواست جمع کرواتے ہیں۔

e. ایک والدین جو درخواست دینے کے وقت اہل تھا، لیکن انکی عہدے کی معیاد کے دوران انکے IEP کے حامل بچے کی اہلیت ختم ہو جاتی ہے، انکی خدمت کرنے کی اہلیت اس وقت ختم ہو جائے گی جس تاریخ تک وہ IEP کی مدت ختم ہونے والے طالب علم کے والدین نہ رہیں۔

f. والدین اراکین کی مدت خدمت دو سال ہے اور معیاد کی کوئی حد نہیں ہے۔

2. عوامی حمائتی نمائندے کے تقرر کردہ

a. عوامی حمائتی نمائندے کے تقرر کردہ یہ دو اراکین ایسے افراد ہونے چاہییں جنکے پاس تعلیم، معذوری کے حامل افراد کوتبیت یا ملازمت دینے کے شعبوں میں وسیع تجربہ اور علم ہو اور جو محکمئہ تعلیم کے اسکولوں میں خاص تعلیم کو بہتر بنانے میں خاطر خواہ کردار ادا کرسکیں۔ ایسے اراکین کی مدت خدمت دو سال ہے اور معیادوں کی کوئی حد نہیں ہے۔

b. CCSE میں عوامی حمایتی نمائندے کے ذریعے CCELL میں تقرری کے خواہاں افراد کو محکمئہ تعلیم کے دفتر برائے خاندانی اور اجتمائی عطائے اختیار ("FACE") سے ایک درخواست حاصل کریں گے، اور مکمل کردہ (درخواست) کو ccecinfo@schools.nyc.gov کے ذریعے FACE کے پاس جمع کروائیں گے۔ FACE اہلیت کا جائزہ لے گا اور اہل درخواستوں کو اس عوامی حمایتی نمائندے کو بھیجے گا۔ تقرری کے تمام فیصلے اس عوامی حمایتی نمائندے کی صوابدید پر ہوں گے۔

3. طالب علم رکن (ووٹ نہ ڈالنے والا)

a. IEP کے حامل ہائی اسکول کے طلبا جو خدمت کے سال کے دوران سینئر ہوں گے، وہ دفتر برائے خاص تعلیم ("OSE") کے ذریعے تقرری کے اہل ہونگے۔ اس ضابطے کے مقاصد کے لیے وہ طالبِ علم سینئر ہے جن کے پاس ہائی اسکول کے 30 کریڈٹس ہوں۔

b. دلچسپی رکھنے والے طلبا کو FACE سے درخواست حاصل کرکے اور ccecinfo@schools.nyc.gov پر FACE کے پاس مکمل کردہ درخواست جمع کروانا چاہئیے۔ FACE اہلیت کا جائزہ لے گا اور OSE کو اہل درخواستیں بھیجے گا۔ تمام تقرریوں کے فیصلوں کا اختیار OSE کے پاس ہوگا۔
ایک ووٹ نہ دینے والے طالبِ علم رکن کی خدمت انجام دینے کی مدت ایک سال ہے جس کا آغاز 1 جولائی سے ہوتا ہے اور اختتام اگلے سال کی 30 جون کو ہوتا ہے۔

4. خدمت سرانجام دینے کے لیے نااہل افراد

a. مندرجہ ذیل افراد اہل نہیں ہیں:

i. منتخب کردہ عوامی دفتری عہدہ رکھنے والے افراد یا منتخب کردہ یا تقرر کردہ پارٹی کا عہدے داران (ماسوائے ایک قومی، ریاستی، عدالتی یا دیگر پارٹی اجتماع کے نامزد نمائندہ یا متبادل نمائندہ، یا کسی کاؤنٹی کمیٹی کا رکن)؛

ii. محکمۂ تعلیم (DOE) کے موجودہ ملازمین؛

iii. وہ افراد جو کسی دوسری شہرگیر کونسل یا کسی اجتمائی تعلیمی کونسل ("CEC") میں ہیں؛

iv. تعلیمی پالیسی پَینل کے اراکین؛

v. وہ افراد جنہیں انجمن والدین یا والدین - استاد انجمن ("PA/PTA")، اسکول قیادتی ٹیم، ضلعیٔ صدور کی کونسل، برو ہائی اسکول کونسل، یا زمرہ I کمیٹی سے کسی ایسے غیر قانونی فعل کے باعث برطرف دیا گیا ہو، جن کا تعلق براہ راست ایسی انجمن، ٹیم، کونسل، یا کمیٹی کی خدمت سے ہو؛ اور

vi. وہ افراد جن کے بارے میں محکمۂ تعلیم کے افسرِاخلاقیات یا چانسلر کے دیگر نامزد کردہ فرد نے فیصلہ کیا ہے کہ اس سے مفادات کا تصادم ہو رہا ہے۔

b. مندرجہ ذیل افراد نااہل ہو سکتے ہیں:

i. جو افراد بدعنوانی کی کسی ایسی حرکت میں ملوث تھے جس کا براہ راست تعلق انکی CEC یا شہرگیر کونسل میں خدمت سے ہو؛ یا

ii. جن افراد کو ایک جرم میں مجرم قرار دے دیا گیا ہو، بشرطیکہ کسی ایسے کسی جرم کو نیویارک ریاست تصحیحی قانون کی دفعہ A-23 کے مطابق زیرِ غور لایا جائیگا۔

C. CCHS کے انتخاب میں حصہ کے خواہاں افراد

1. FACE انتخاب سال کے جنوری کے آغاز میں، بشمول درخواست جمع کروانے کے گوشوارہ وقت اور ووٹ ڈالنے اور انتخابات کے طریقۂ کار شائع کرے گا۔

2. CCHS میں خدمات انجام دینے میں دلچسپی رکھنے والے والدین کو نیو یارک شہر اسکولز اکاؤنٹ ("NYCSA") کے ذریعے ایک درخواست جمع کرنی چاہیئے۔ . جن والدین کے پاس انٹرنیٹ تک رسائی نہیں ہے، وہ اپنے والدین رابطہ کار یا پرنسپل کے ساتھ اپنے اسکول یا ضلع دفتر میں ایک کمپیوٹر کے استعمال کرنے کا انتظام یا پبلک لائبریریوں میں کمپیوٹر تک رسائی کی معلومات کے لیے 311 سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

3. درخواست دہندگان کو اپنی درخواست میں یہ تصدیق کرنا ہوگی کہ انہوں نے محکمۂ تعلیم کے اسکولوں میں شرکت کرنے والے اپنے تمام بچوں کو اپنے NYCSA اکاؤنٹ سے منسلک (لنک) کر دیا ہے۔ CCHS میں درخواست دینے والے امیدوار کو محکمۂ تعلیم کے ہر اس ضلع کا نمائندہ تصور کیا جائے گا جن میں ان کا ایک انفرادی تعلیم کا حامل بچہ (IEP) بچہ شرکت کر رہا ہے۔ امیدوار کے لیے ایسے ہر ضلع کے متعلق معلومات فراہم کرنے میں ناکامی کی صورت میں جہاں سے امیدوار ایک نمائندہ ہے، نااہل قرار دیے جانے کی بنیاد بن جائے گا۔

4. امیدواران جتنی چاہے اجتمائی اور/ یا شہر گیر تعلیمی کونسلوں کے لیے درخواست دے سکتے ہیں جن میں وہ اہلیت رکھتے ہیں لیکن، اگر منتخب ہوئے، انہیں صرف ایک میں خدمات انجام دینے کی اجازت ہوگی۔ وہ امیدواران جو متّعدد کونسلوں میں درخواست دینا چاہتے ہیں انہیں ان کی ترجیحی درجہ بندی کرنا ضروری ہے؛ اگر وہ ایک سے زائد کونسلوں سے منتخب ہوئے تو ان کو ان کی اول ترین درجہ بند کونسل میں نشست دی جائے گی۔

D. امیدوار کے فورم

1. FACE کم سے کم ایک فورم کا انعقاد کرے گا جہاں امیدواروں کو والدین اور دلچسپی رکھنے والے دیگر فریقین کے سامنے اپنا موقف پیش کرنے کی اجازت ہو گی۔

2. امیدوار کے تمام فورمز کا انعقاد درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ گزر جانے کے بعد ہونا چاہیے، لیکن ووٹ ڈالنے کے دورانیے کے آغاز سے قبل، جسے اس انتخابی سال کے مئی کے دوسرے منگل تک مکمل ہو جانا چاہیئے۔

3. امیدوار کے فورمز کا انعقاد ایک طبیعی جگہ میں یا ورچؤل اجلاس کے پلیٹ فارم پر کیے جا سکتے ہیں۔ FACE کو امیدوار کے اس فورم کی تاریخ، وقت اور وضع طے کرنی چاہیئے۔ خود موجودگی (اِن پرسن) فورم کی صورت میں، FACE ایک قابلِ رسائی ADA کی پیروی کرنے والی مقام محفوظ کرے گا اور محکمۂ تعلیم کے مقامات کے لیے تمام ضروری اجازت نامے حاصل کرنے کی ذمہ داری اور اخراجات برداشت کریگا۔ ورچؤل پلیٹ فارم پر منعقد کیے جانے والے فورم کی صورت میں، FACE پلیٹ فارم کے اخراجات برداشت کرے گا اور اجلاس کے دوران تکنیکی معاونت فراہم کرے گا۔

4. امیدوار کے ہر فورم سے قبل، FACE کو ہر امیدوار کی درخواست کے حصوں کو دستیاب رکھنا چاہیئے جس میں امیدوار کے نام، بچے (بچوں) کے اسکول اور پروگرامز، اور ذاتی بیان ("امیدوار کا پس منظر" (پروفائل)) دیے جانے چاہیئں۔ امیدواروں کے پس منظروں (پروفائل) کو والدین اور عوام کے دیکھنے کے لیے محکمۂ تعلیم کی ویب سائٹ پر شائع کیا جائے گا۔ FACE خود موجودگی میں منعقد کیے جانے والے امیدواروں کے فورمز میں تقسیم کرنے کے لیے نقول بھی فراہم کریگا۔

E. انتخاب کا طریقۂ کار

1. ووٹ دینے کے اہل افراد

a. ایک IEP کا حامل طالب علم جو فی الحال ایک خاص تعلیمی خدمات وصول کر رہا ہے اور ایک محکمۂ تعلیم کے اسکول میں مندرج ہے اسکے والدین CCSE میں ووٹ ڈالنے کے اہل ہیں۔

b. تین ووٹس فی اہل طالبِ علم ڈالے جا سکتے ہیں۔

2. ووٹ ڈالنا

a. والدین کی NYCSA درخواست کے ذریعے آن لائن ووٹ ڈالنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔

b. جن والدین کو انٹرنیٹ تک رسائی حاصل نہیں ہے وہ اپنے اسکول کے والدین رابطہ کار یا پرنسپل کے ساتھ اپنے اسکول یا ضلعی دفتر میں کمپیوٹر کو استعمال کرکے NYCSA اکاؤنٹ بنانے اور ووٹ دینے کے لیے انتظام کر سکتے ہیں، یا پبلک لائبریریوں میں کمپیوٹر تک رسائی حاصل کرنے کے بارے میں معلومات کے لیے 311 سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

c. کاغذی بیلٹس مہتمم کے دفاتر میں بھی دستیاب ہوں گے۔ اگر مہتمم کا دفتر ایک NYCSA اکاؤنٹ تشکیل دیتا ہے اور والدین کی جانب سے والدین کا ووٹ ڈالتا ہے، تو مہتمم کے دفتر کو ان والدین کا مکمل کردہ کاغذی بیلٹ (بیلٹس) کے ریکارڈز رکھنا لازمی ہے جسے والدین کے مکمل کردہ انتخاب کی نشاندہی، NYCSA کا اکاؤنٹ بنانے اور والدین کی جانب سے ان کا ووٹ ڈالنے کی والدین کی اجازت نامہ اور مہتمم کے دفتر کا والدین کی جانب سے ووٹ ڈالنے کے تصدیق نامے پر مشتمل ہونا چاہئیے۔

3. امیدواروں کو نشستیں دینا

a. CCSE کے نو (9) منتخب اراکین میں سے، دو کو ضلع 75 پروگرام (" ضلع 75 والدین") میں مندرج طلبا کے والدین ہونا چاہئیے۔ بقیہ سات نشستوں کو کوئی بھی اہل والدین پُر کرسکتے ہیں۔ اسکے علاوہ، ضلع 75 کے دو والدین سے زیادہ CCSE میں نمائندے نہیں ہو سکتے، ماسوائے اس حد کہ تمام نشستوں کو مکمل کرنے کے لیے ضروری ہو جائے، سوائے ضلع 75 کے کسی اور ضلع کی جانب سے CCSE میں ایک سے زیادہ والدین نمائندہ نہیں ہو سکتے۔

b. بیلیٹس کی گنتی (ٹیلی) کب جاتی ہے:

i. سب سے زیادہ ووٹ حاصل کرنے والے سات امیدواروں کو مشروط طور پر ایک نشست پُر کرنے کے لیے منتخب کیا جائیگا۔ مگر، اگر ان امیدواروں بشمول ضلع 75 کے دو سے زیادہ والدین، ضلع 75 کے ان دو سب سے زیادہ ووٹس حاصل کرنے والوں کو منتخب کیا جائیگا، اور کم ووٹوں کے حامل باقی تمام ضلع 75 کے والدین کو ہٹا دیا جائےگا اور اس کی مساوی تعداد کے اگلے سب سے زیادہ ووٹوں کے حامل امیدواروں کو عارضی طور پر منتخب کر لیا جائیگا۔

ii. البتہ، اگر سب سے زیادہ ووٹ حاصل کرنے والے سات امیدواروں کو سوائے ضلع 75 کے دو والدین کے باقِی تمام کو ہٹائے جانے کے بعد ایک ہی ضلع سے ایک سے زیادہ امیدوار شامل ہیں (ضلع 75 کے علاوہ) ، سب سے زیادہ ووٹ حاصل کرنے والے امیدوار کو منتخب کر لیا جائیگا اس ضلع سے کم ووٹ حاصل کرنے والے امیدواروں کو ہٹا دیا جائے گااور کسی ایک ایسے ضلع کے اگلے سب سے زیادہ ووٹ حاصل کرنے امیدوار کو مشروط طور پر منتخب کیا جانا چاہیئے جہاں پہلے سے CCSE نمائندگی نہیں ہے۔

iii. اگر سات امیدواروں میں سے دو ضلع 75 والدین اسی ضلع (ضلعوں) کے امیدواروں کو ہٹاۓ جانے کے بعد مشروط طور پر منتخب ہوئے ہیں، سب سے زیادہ تعداد میں ووٹ والے اگلے دو امیدوار جنکا پہلے سے مشروط طور پر منتخب سات امیدواروں کے ساتھ کوئی مشترکہ ضلع نہیں ہے انہیں CCSE میں بقایا دو نشستوں کو پُر کرنے کے لیے مشروط طور پر منتخب کیا جاسکتا ہے۔

iv. اگر دو ضلع 75 کے والدین سے امیدوار ان سات مشروط طور پر منتخب امیدواروں کو بقایا اسی ضلع (ضلعوں)کے امیدواروں کو ہٹائے جانے کے بعد شامل نہیں ہیں ، تب سب سے زیادہ تعداد میں ووٹوں والے دو والدین، مشروط طور پر منتخب کیے جائیں گے۔

4. ضمنی انتخابات

a. ضمنی انتخابات کا انعقاد اس وقت کیا جانا چاہیئے جب:

i. امیداواروں کے مابین یا درمیان ووٹوں کی تعداد مساوی ہو جائے؛

ii. ضلٰع 75 کے دو سے کم والدین نے کوئی ووٹ حاصل کیا ہو ؛ یا

iii. اگر تمام امیدواروں کا تعلق ایک ضلع سے نہ ہو CCSE میں ابتدائی طور پر نشست دیئے جانے بعد ایک یا زائد نشستیں خالی رہ جائیں گی۔

b. امیدواروں کے مابین یا درمیان مساوی ووٹوں کی تعداد کی صورت میں، صرف مساوی ووٹ رکھنے والے امیدواران ہی ضمنی انتخاب میں شامل ہوں گے۔

c. ایک ضمنی انتخاب کی صورت میں، ضلع 75 سے دو سے کم والدین کے ووٹ حاصل کرنے کی وجہ سے صرف وہ امیدوار جو ضلع 75 کے والدین ہیں، ضلع 75 کی نشست کے لیے اس ضمنی انتخاب میں شامل ہونگے۔

d. ایک یا زائد خالی نشستیں رہ جانے کی وجہ سے ایک ضمنی انتخاب کی صورت میں، ان امیدواروں کو ہٹائے جانے کے بعد جن کے بچوں کا تعلق ایسے ضلعوں سے ہے جنکی نمائندگی پہلے سے ہی CCSE میں موجود ہے، صرف وہ ہی امیدوار جنہیں مشروط طور پر منتخب نہیں کیا گیا ہے اور جنکے بچے ایسے ضلع میں نہیں جاتے جس کی نمائندگی نشست رکھنے والے امیدوارن پہلے ہی سے کر رہے ہوں اس ضمنی انتخابات میں شامل ہوں گے۔ اگر ضمنی انتخابات تمام نشستوں کو پر کرنے میں ناکام رہتے ہیں، CCHS میں ضلعوں (ضلع 75 کے علاوہ) کی ایک سے زائد نمائندگان کے نہ ہونے کی پابندیوں کا اطلاق نہیں ہو گا۔

e. جب ضمنی انتخابات کا نتیجہ برابر ووٹ کی صورت میں ہو تو محکمۂ تعلیم کی جانب سے انتخابی کارروائی کا انتظام کرنے والا خودمختار اہلکار قرعہ اندازی کے ذریعے جیتنے والے کا انتخاب کرے گا۔

f. اگر ضمنی انتخابات کے مذکورہ بالا طے کردہ طریقۂ کار کے ذریعے تمام نشستیں پُر نہیں ہو سکیں یا ضلع 75 کے دو نمائندے CCSE میں نہیں جا سکے، کونسل میں آسامی کو خالی تصور کیا جائے گا، جس کو اس ضابطہ کے جز I.I میں طے کیے گئے طریقِہ کار کے مطابق پُر کیا جانا چاہیئے۔

F. بعد از انتخاب قابلیت / اہلیت پر نظر ثانی

1. امیدواران کے مشروط انتخاب کے بعد لیکن انکے عہدہ سنبھالنے سے قبل، FACE یہ تعین کرے گا کہ آیا وہ CCSE میں خدمات سرانجام دینے کے اہل ہیں۔ اگر FACE یہ تعین کرتا ہے کہ کوئی امیدوار اہل نہیں ہے، FACE ایک تحریری فیصلہ جاری کریگا جس میں اس کے جاری کیے جانے کی حقیقی اور قانونی وجہ شامل ہوگی۔ اگرFACE کسی امیدوار کو نااہل قرار دیتا ہے تو اسکی جگہ وہ امیدوار لے گا جس نے اسکے بعد سب سے زیادہ تعداد میں ووٹ حاصل کیے تھے، اور اس کا تعلق ایک

ایسے ضلع سے ہے جسکی پہلے ہی سے CCSE میں نمائندگی نہیں ہے۔

2. اگر کوئی منتخب امیدوار انتخابی سال کے 30 جون کو یا اس سے قبل، نااہل یا غیرمستحق ہو جاتا ہے، تو وہ امیدوار جسکو ابتدائی انتخابی کارروائی میں اسکے بعد سب سے زیادہ ووٹ ملے تھَ اور جو ایسے ضلع سے نہ ہو جسکی پہلے سے CEC میں نمائندگی ہے، مشروط طور پر منتخب تصور کیا جائے گا۔

3. اگر ضلع 75 والدین کی محفوظ نشستوں کو نا اہل یا غیر مستحق امیدوار پُر کر رہے ہیں، وہ ضلع 75 والدین جنہوں نے ابتدائی مرحلے میں سب سے زیادہ ووٹ حاصل کیے تھے انہیں مشروط طور پر منتخب تصور کیا جائے گا۔

4. اگر اس حصے میں خاکہ کش کردہ کے تحت امیدواروں کے انتخاب کا نتیجہ برابر کے ووٹ کی صورت میں ہو تو محکمہ تعلیم کی جانب سے انتخابی کارروائی کا انتظام کرنے والا خودمختار اہلکار قرعہ اندازی کے ذریعے جیتنے والے کا انتخاب کرے گا۔

5. اگر انتخاب کے لیے کوئی بھی اہل امیدوار دستیاب نہیں رہتا، تو اسے کونسل میں ایک خالی آسامی کا وجود باور کیا جائے گا، جسےاس ضابطہ کے حصہ I.I میں طے کردہ طریقۂ کار کے مطابق پُر کیا جائے گا۔

G. انتخاب کا وقت

1. CCSE کے انتخابات کا انعقاد طاق سالوں میں ہر دو سال میں کیا جانا چاہیئے۔ سوائے کسی ضروری ضمنی انتخابات کے، مئی کے دوسرے منگل تک ووٹ ڈالنے کا اختتام ہو جائیگا ۔

2. انتخابات منعقد کیے جانے والے سال کے جنوری میں انتخابات کی کارروائی کا آغاز کیا جائے گا، جس میں FACE کی جانب سے CCHS میں ذمہ داریوں، نظام اور سرگرمیوں کے متعلق معلومات، امیدوار کی معلومات کے ساتھ ساتھ درخواست کی نوعیت اور ووٹ ڈالنے کے طریقۂ کار کے متعلق معلومات کی تشہیر کی جائے گی۔

3. CCSE اراکین کی معیاد کا آغاز انتخابات کے سال کی 1 جولائی سے ہوگا اور اس کا اختتام دو سال بعد 30 جون کو ہو گا۔ CCSE کے تمام اراکین سے اپنی معیاد کا آغاز کرنے سے قبل FACE کے زیر انتظام واقفیتی اجلاس میں شرکت کرنا اور ان کی معیاد کے دوسرے سال میں کم سے کم ایک اضافی تربیت موصول کرنا مطلوب ہے۔

H. استعفے

1. والدین اراکین

والدین رکن کے استعفوں کا تحریری ہونا ضروری ہے اور FACE کے نام یہاں بھیجے جانے چاہئیں ccecinfo@schools.nyc.gov. FACEکے موصول کرنے پر استعفے فوراً نافذالعمل ہو جائیں گے، ماسوائے اگر ایک مستقبل کی تاریخ دی گئی ہو۔ استعفے واپس، منسوخ، یا ترمیم نہیں کیے جا سکتے ماسوائے FACE کی اجازت کے۔

2. عوامی حمائتی نمائندے کے تقرر کردہ

عوامی حمایتی نمائندے کے تقرر کردہ کے استعفوں کا تحریری ہونا لازمی ہے، ان کو عوامی حمائتی نمائندے کو بھیجا جانا چاہیئے اور، اس کے ساتھ ایک نقل FACE کو اس پر ccecinfo@schools.nyc.gov ارسال کریں. عوامی حمایتی نمائندے کے موصول کرنے پر

استعفے نافذالعمل ہو جائیں گے، ماسوائے اگر ایک مستقبل کی تاریخ دی گئی ہو۔ استعفے واپس نہیں لیے جا سکتے، انکو منسوخ، یا ان میں ترمیم نہیں کی جاسکتی ماسوائے عوامی حمایتی نمائندے کی اجازت کے۔

3. طالبِ علم رکن

طالبِ علم ارکان کے استعفوں کا تحریری ہونا لازمی ہے، ان کو OSE کے نام ہونا چاہیئے اور، اس کے ساتھ ایک نقل کو FACE کو ccecinfo@schools.nyc.gov پر بھیجا جانا چاہیئے۔ ایسے استعفے OSE کے موصول کرنے پر نافذالعمل ہو جائیں گے، ماسوائے اگر ایک مستقبل کی تاریخ دی گئی ہو۔ استعفٰے واپس، منسوخ، یا ترمیم نہیں کیے جا سکتے ماسوائے OSE کی اجازت کے۔

I. خالی آسامیاں

1. والدین رکن اور عوامی حمایتی نمائندے کی تقرر کردہ خالی آسامیاں

a. CCSE کے وہ اراکین جو دفتری معیاد کے دوران CCSE کی شیڈول کردہ تین اجلاس میں کسی مستند تحریری وضاحت کے بغیر شرکت کرنے سے انکار یا غفلت برتیں گے، جبکہ اسکے بارے میں اطلاع انہیں معقول انداز میں دی جا چکی ہو، تصور کیا جائے گا کہ انہوں نے دفتری نشست خالی کر دی ہے۔

i. ہر غیرحاضری اور کسی بھی فراہم کردہ تحریری معذرت کو اس اجلاس کی باضابطہ روداد میں شامل کیا جانا چاہیئے۔

ii. ذیلی غیرحاضریاں مستند جواز بناتی ہیں: کسی رشتہ دار کا انتقال یا کسی رشتہ دار کے جنازے میں شرکت؛ CCSE کے رکن یا اہلِ خانہ کی سنگین بیماری یا زخمی ہو جانا؛ عدالت میں لازمی پیشی بشمول جیوری خدمت؛ فوجی خدمت؛ ملازمت سے متصادم جو CCSE اجلاس میں غیرحاضری کو ناگریز بنا دے؛ اور دیگر وجوہات جنہیں CCSE مناسب قرار دے۔ ایسے دیگر جواز کو مستند تصور کیا جائے گا بشرطیکہ ان کو غیر حاضری کے 15 دنوں سے پہلے CCSE کو تحریر میں پہنچا دیا جائے اور ان کو CCSE کے اگلے معمول کے شیڈول کردہ ایسے ماہانہ اجلاس میں ووٹ کے ذریعے منظور کیا جائے جس میں اجلاس کی حاضری کی مطلوبہ تعداد حاضر ہو۔

iii. تیسری غیر معاف شدہ غیرحاضری کے بعد، CCSE قرارداد کے ذریعے وہ نشست خالی قرار دے گا اور FACE کو اپنے اس عمل سے مطلع کریگا۔ عوامی حمایتی نمائندے کے تقرر کردہ کی ایک نشست کو خالی قرار دیے جانے کی صورت میں، CCSE کو عوامی حمایتی نمائندے کو بھی مطلع کریگا۔

b. جب ایک والدین کی ایک آسامی خالی ہو جائے تو، CCSE کو میعاد کی باقی ماندہ مدت کے لیے ایک عوامی اجلاس میں انتخابات کے ذریعے خالی عہدے کی آسامی کو پُر کرنا چاہیئے۔

i. CCSE خالی آسامی کی بھرپور تشہیر کرے گا، درخواست کے طریقہ کار کی وضاحت کرے گا اور درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ مقرر کرے گا۔

ii. تمام امیدواروں کو FACE سے CCSE کی ایک خالی آسامی کی درخواست حاصل کرنا لازمی ہے اور مکمل شددہ درخواست FACE کو واپس کرنی چاہیئے۔ FACE نشست کو پُر کرنے کے لیے اہلیت کا جائزہ لے گا، اور اہل امیدواروں کی درخواست کی حصوں کو CCSE کو بھیجے گا۔

iii. اگر خالی آسامی ضلع 75 کے والدین کی نشست کی تھی، اور ضلع 75 کے بقایا دو سے کم ارکان ہیں، تو اہل امیدواران صرف ضلع 75 کے والدین ہی ہوں گے۔

iv. IEP کے حامل طلبا کے والدین کو عہدے کی آسامی کو پُر کرنے کے لیے تحریری تجاویز دینے کا اور آسامی پُر ہونے سے پہلے CCSE کے ساتھ مشاورت کرنے کا موقع دیا جائے گا۔

c. اگر والدین کی کوئی آسامی مساوی ووٹوں کے باعث اس کے اعلان کیے جانے کے 60 ایام کے اندر CCSE کے ذریعے پُر نہیں کی جاسکی، تو چانسلر تعطل کو ختم کرنے کے لیے فیصلہ کُن ووٹ ڈالے گا۔ اگر CCSE کسی بھی دیگر وجہ سے آسامی کو 60 ایام کے اندر پُر کرنے میں ناکام رہتی ہے، تو چانسلر CCSE کو آسامی پُر کرنے کا حکم دے سکتے ہیں۔

d. جب عوامی حمائتی نمائندے کے ذریعے تقرر کردہ عہدے کے لیے آسامی خالی ہو، تو عوامی حمائتی نمائندے کو بقایا معیادی مدت کے لیے خدمات انجام دینے کے لیے کسی رکن کا تقرر کرنا ہوگا۔ دلچسپی رکھنے والے افراد کو FACE سے CCSE کی ایک عوامی حمایتی نمائندے کے تقرر کردہ کی خالی آسامی کی درخواست حاصل کرنا لازمی ہے اور مکمل شدہ درخواست FACE کو واپس کرنی چاہیئے۔ FACE نشست کو پُر کرنے کے لیے اہلیت کا جائزہ لے گا، اوردرخواست عوامی حمایتی نمائندے کو بھیجے گا ۔ تقرری کے تمام فیصلے اس عوامی حمایتی نمائندے کی صوابدید پر ہوں گے۔

2. طالبِ علم رکن کی خالی آسامیاں

ایک طالب علم کی خالی نشست کی صورت میں OSE باقی مدت میں خدمت کے لیے ایک IEP کے حامل سینئر کا تقرر کریگا۔ اعلٰی افسرِ تحصیل (ایچیومنٹ) برائے معذوری کے حامل طلبا اور انگریزی زبان کے متعلمین کو FACE اور CCSE کو اس تقرری کے بارے میں مطلع کرنا چاہیئے۔

**II. ضلع 75 کونسل**

ایک شہر گیر ضلع 75 کونسل ("ضلع 75 کونسل") ہونی چاہئیے تاکہ شہرگیر ضلع 75 کے اسکولوں اور پروگراموں میں بچوں کے والدین کی نمائندگی ہو سکے۔

A. فرائض اور ذمہ داریاں

1. D75 کونسل کے پاس ذیلی اختیارات و فرائض ہوں گے:

a. ضلع 75 خدمات کی فراہمی سے متعلقہ تعلیمی اور تدریسی پالیسی پر مشاورت و تبصرات فراہم کرنا۔

b. محکمئہ تعلیم کےضلع 75 کے طلبا کو فراہم کردہ خدمات کے موثر ہونے پر ایک سالانہ رپورٹ جاری کرنا، اور، جیسے مناسب ہو، اس پر تجاویز فراہم کرنا کہ ان خدمات کے موثر ہونے اور فراہمی کو کس طرح بہتر کیا جاسکتا ہے؛ اور

c. کم از کم ہر مہینے ایک اجلاس منعقد ہو جو عوام کے لیے کھلا ہو جس میں عوام ان امور پر بات چیت کر سکیں جنکا ضلع 75 کے طلبا سامنا کرتے ہیں۔

2. ضلع 75 کونسل کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ ایک سیکرٹیری کی بھرتی کریں، جو ذیلی فعل سرانجام دے اسکی نگرانی، تشخیص، اور اسے برطرف کر سکیں:

a. اجلاس کی اطلاعات، ایجنڈا اور روداد کی تیاری کرنا؛

b. D75 کونسل اجلاسوں کا ریکارڈ رکھنا اور انکی کارروائیوں اورتفصیلات کو محفوظ رکھنا؛

c. اجلاسوں کے لیے مختصر مواد اور دیگر متعلقہ معلوماتی مواد تیار کرنا۔

B. ساخت

ضلع کونسل 11 ووٹ دینے والے اراکین اور ایک ووٹ نہ دینے والے طالب علم رکن پر مشتمل ہوتی ہے۔ نو(9) ووٹ دینے والے اراکین کا ایسے والدین ہونا ضروری ہے جنکے طلبا ضلع 75 میں خدمات وصول کررہے ہوں جنہیں اس ضابطے میں طے کردہ طریقئہ کار کے مطابق منتخب کیا گیا ہے اور بقیہ دو ووٹ دینے والے اراکین کو نیویارک شہر پبلک حمایتی نمائندہ مامور کرے گا۔ طالبِ علم رکن کا تقرر ضلع 75 کا مہتمم کرتا ہے۔

C. اہلیت

1. والدین اراکین

a. ضلع 75 کے اسکولوں اور پروگراموں کے شہرگیر خدمات کے وصول کنندہ والدین ضلع 75 کی ایک نشست کے لیے انتخاب میں حصہ لینے کے اہل ہیں۔

b. ایک والدین کی تشریح بطور والدین (بذریعہ پیدائش یا گود لینے، سوتیلے والدین یا لے پالک والدین)، قانونی سرپرست یا بچے سے والدین کے رشتے میں وابستہ فرد کے طور پر کی جاتی ہے۔ بچے سے ایک والدین کے رشتے سے وابستہ فرد ایک ایسا فرد جو والدین یا قانونی سرپرست کی جگہ باقاعدگی سے بچے کی نگہداشت اور نگرانی کا براہِ راست ذمہ دار ہے۔

c. اہلیت کا تعین اس تاریخ سے کیا جاتا ہے جب والدین D75 کونسل کی آسامی کے لیے انتخابات میں حصہ لینے کی درخواست جمع کراتے ہیں۔

d. جو والدین درخواست دینے کے وقت اہل ہیں، لیکن انکی دفتری عہدے کی معیاد کے دوران انکے بچے کا D75 کونسل پروگرام میں اندراج ختم ہوجاتا ہے تو وہ اس تاریخ سے خدمات سرانجام دینے کے لیے اہل نہیں رہیں گے جس تاریخ سے وہ کسی ایسے طالب علم کے والدین نہ ہوں جو D75 کے اسکول یا پروگرام میں مندرج ہے۔

e. والدین اراکین کی مدت خدمت دو سال ہے اور معیاد کی کوئی حد نہیں ہے۔

2. عوامی حمائتی نمائندے کے تقرر کردہ
   a. عوامی حمائتی نمائندے کے تقرر کردہ یہ دو اراکین ایسے افراد ہونے چاہییں جنکے پاس معذوری کے حامل افراد کی تعلیم، تربیت یا انہیں ملازمت دینے کے شعبوں میں وسیع تجربہ اور علم ہو اور جو نیویارک شہر کے اسکولوں میں خاص تعلیم کو بہتر بنانے میں خاطر خواہ کردار ادا کرسکیں۔ ایسے اراکین کی مدت خدمت دو سال ہے اور معیاد کی کوئی حد نہیں ہے۔

   b. D75 کونسلیں کے لیے عوامی حمائتی نمائندے کے ذریعے تقرری کے خواہاں افراد کو ("FACE") سے ایک درخواست حاصل کرنی چاہیئے، اور مکمل کردہ (درخواست) کو ccecinfo@schools.nyc.gov کے ذریعے FACE کے پاس جمع کروانا چاہیئے۔ FACE اہلیت کا جائزہ لے گا اور اہل درخواستوں کو اس عوامی حمایتی نمائندے کو بھیجے گا۔ تقرری کے تمام فیصلے اس عوامی حمایتی نمائندے کی صوابدید پر ہوں گے۔

3. طالب علم رکن (ووٹ نہ ڈالنے والا)
   a. ضلع 75 ہائی اسکول کے وہ طلبا جو اپنی خدمت کے سال کے دوران سینئر ہوں گے، D75 کونسل میں تقرری کے لیے اہل ہیں۔ اس ضابطے کے مقاصد کے لیے اس طالبِ علم کو سینئر سمجھا جائے گا جس کے پاس ہائی اسکول کے 30 کریڈٹ موجود ہوں۔

   b. دلچسپی رکھنے والے طلبا کو FACE سے درخواست حاصل کرنا چاہئیے اور مکمل کردہ درخواست ccecinfo@schools.nyc.gov پر FACE کے پاس جمع کروانا چاہئیے۔ FACE اہلیت کا جائزہ لے گا اور ضلع 75 کو اہل درخواستیں بھیجے گا۔ تمام تقرریوں کے فیصلوں کا اختیار ضلع 75 کے مہتمم کے پاس ہوگا.

   c. ایک ووٹ نہ دینے والے طالبِ علم رکن کی خدمت انجام دینے کی مدت ایک سال ہے جس کا آغاز 1 جولائی سے ہوتا ہے اور اختتام اسکے اگلے سال کی 30 جون کو ہوتا ہے۔

4. خدمات سرانجام دینے کے لیے نااہل افراد
   a. مندرجہ ذیل افراد اہل نہیں ہیں:

      i. منتخب کردہ عوامی دفتری عہدہ رکھنے والے افراد یا منتخب کردہ یا تقرر کردہ پارٹی کا عہدے داران (ماسوائے ایک قومی، ریاستی، عدالتی یا دیگر پارٹی اجتماع کے نامزد نمائندہ یا متبادل نمائندہ، یا کسی کاؤنٹی کمیٹی کا رکن)؛
      ii. محکمۂ تعلیم (DOE) کے موجودہ ملازمین؛
      iii. وہ افراد جو کسی اور شہرگیر کونسل یا کسی CEC میں ہیں۔
      iv. تعلیمی پالیسی پَینل کے اراکین؛
      v. وہ افراد جنہیں انجمن والدین یا والدین - استاد انجمن (PA/PTA)، اسکول قیادتی ٹیم، ضلع صدر کی کونسل، برو ہائی اسکول کونسل، یا زمرہ I کمیٹی سے کسی ایسے غیر قانونی فعل کے باعث برطرف کر دیا گیا ہو، جن کا تعلق براہ راست ایسی انجمن، ٹیم، کونسل، یا کمیٹی کی خدمت سے ہو؛ اور
      vi. وہ افراد جن کے بارے میں محکمۂ تعلیم کے اخلاقیات کے افسر یا چانسلر کے دیگر نامزد کردہ فرد نے فیصلہ کیا ہے کہ اس سے مفادات کا تصادم ہو رہا ہے۔

b. مندرجہ ذیل افراد نااہل ہو سکتے ہیں:

i. جو افراد بدعنوانی کی کسی حرکت میں ملوث تھے جس کا براہ راست تعلق انکی CEC یا کسی شہرگیر کونسل میں خدمت سے ہو؛ یا

ii. جن افراد کو ایک جرم میں مجرم قرار دے دیا گیا ہو، بشرطیکہ کسی ایسے کسی جرم کو نیویارک ریاست تصحیحی قانون کی دفعہ A-23 کے مطابق زیرِ غور لایا جائیگا۔

D. D75 کونسل کے انتخاب میں حصہ لینے کے خواہاں

1. FACE انتخاب سال کے جنوری کے آغاز میں، بشمول درخواست جمع کروانے کے گوشوارہ وقت اور ووٹ ڈالنے کے بارے میں انتخابات کے طریقۂ کار کے بارے میں عوامی تشہیر کرے گا۔

2. D75 کونسل میں خدمات انجام دینے والے والدین کو NYCSA کے ذریعے ایک درخواست جمع کرنی چاہیئے۔ . جن والدین کے پاس انٹرنیٹ تک رسائی نہیں ہے، وہ اپنے والدین رابطہ کار یا پرنسپل کے ساتھ اپنے اسکول یا ضلع دفتر میں ایک کمپیوٹر کے استعمال کرنے کا انتظام کر سکتے ہیں یا پبلک لائبریریوں میں کمپیوٹر تک رسائی کی معلومات کے لیے 311 سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

3. درخواست دہندگان کو اپنی درخواست میں یہ تصدیق کرنا ہوگی کہ انہوں نے محکمۂ تعلیم کے اسکولوں میں شرکت کرنے والے اپنے تمام بچوں کو اپنے NYCSA اکاؤنٹ سے منسلک (لنک) کر دیا ہے۔ ضلع 75 کونسل میں درخواست دینے والے ایک امیدوار کو ہر اس ضلع 75 اسکول کا نمائندہ تصور کیا جائے گا جن میں فی الوقت ان کا ایک بچہ شرکت کررہا ہے۔ امیدوار کا ضلع 75 کے ہر ایسے اسکول کے متعلق معلومات فراہم کرنے میں ناکامی کی صورت میں جہاں سے امیدوار ایک نمائندہ ہے، نااہل قرار دیے جانے کی وجہ بن جائیگا۔

4. امیدواران جتنی چاہے اجتمائی اور/ یا شہر گیر تعلیمی کونسلوں کے لیے درخواست دے سکتے ہیں جن میں وہ اہلیت رکھتے ہیں لیکن، اگر منتخب ہوئے، انہیں صرف ایک میں خدمات انجام دینے کی اجازت ہوگی۔ جو امیدواران متّعدد کونسلوں میں درخواست دینا چاہتے ہیں انہیں ان کی ترجیحی درجہ بندی کرنا ضروری ہے؛ اگر وہ ایک سے زائد کونسلوں سے منتخب کیے گئے تو ان کو ان کی اول ترین درجہ بند کونسل میں نشست دی جائے گی۔

E. امیدوار کے فورم

1. ضلع 75 کی صدور کونسل کو، FACE کے اشتراک اور انتظامی معاونت کے ساتھ، کم از کم ایک امیدواروں کا فورم منعقد کرنا چاہیئے جہاں امیدواروں کو والدین اور دیگر دلچسپی رکھنے والے فریقین کے سامنے پیشکشیں کرنے کی اجازت ہو۔

2. امیدوار کے تمام فورمز کا انعقاد درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ گزر جانے کے بعد ہونا چاہیے، لیکن ووٹ ڈالنے کے دورانیے کے آغاز سے قبل، جسے اس انتخابی سال کے مئی کے دوسرے منگل تک مکمل ہو جانا چاہیئے۔

3. امیدوار کے فورمز کا انعقاد ایک طبیعی جگہ میں یا ورچوٗل اجلاس کے پلیٹ فارم پر کیا جا سکتا ہے۔ ضلع 75 کی صدور کی کونسل کو FACE کے ساتھ ملکر امیدوار کے ہر فورم کی تاریخ، وقت اور وضع طے کرنی چاہیئے۔ خود موجودگی (اِن پرسن) فورم کی صورت میں، FACE ایک قابلِ رسائی ADA کی پیروی کرنے والی مقام محفوظ کرے گا اور محکمۂ تعلیم کے مقامات کے لیے تمام ضروری اجازت نامے حاصل کرنے کی ذمہ داری اور اخراجات برداشت کریگا۔ ورچوٗل پلیٹ فارم پر منعقد کیے جانے والے فورم کی صورت میں، FACE پلیٹ فارم کے اخراجات برداشت کرے گا اور اجلاس کے دوران تکنیکی معاونت فراہم کرے گا۔

4. امیدوار کے ہر فورم سے قبل، FACE کو ہر امیدوار کی درخواست کے حصوں کو دستیاب رکھنا چاہیئے جس میں امیدوار کے نام، بچے (بچوں) کے اسکول اور پروگراموں، اور ذاتی بیان ("امیدوار کا پس منظر" (پروفائل)) دیے جانے چاہیئں۔ امیدواروں کے پروفائل کو والدین اور عوام کے دیکھنے کے لیے محکمۂ تعلیم کی ویب سائٹ پر شائع کیا جائے گا۔ FACE خود موجودگی میں منعقد کیے جانے والے امیدواروں کے فورمز میں تقسیم کرنے کے لیے نقول بھی فراہم کریگا۔

F. انتخاب کا طریقۂ کار

1. ووٹ دینے کے اہل افراد

a. آجکل ضلع 75 کے اسکول یا پروگرام میں شہرگیر خاص تعلیمی خدمات حاصل کرنے والے طالب علم کا ایک والدین ضلع 75 کونسل میں ووٹ ڈالنے کا اہل ہے۔

b. تین ووٹس فی اہل طالبِ علم ڈالے جا سکتے ہیں۔

2. ووٹ ڈالنا

a. والدین کی NYCSA درخواست کے ذریعے آن لائن ووٹ ڈالنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔

b. جن والدین کو انٹرنیٹ تک رسائی حاصل نہیں ہے وہ اپنے اسکول کے والدین رابطہ کار یا پرنسپل کے ساتھ اپنے اسکول یا ضلعی دفتر میں کمپیوٹر کو استعمال کرکے NYCSA اکاؤنٹ بنانے اور ووٹ دینے کے لیے انتظام کر سکتے ہیں، یا پبلک لائبریریوں میں کمپیوٹر تک رسائی حاصل کرنے کے بارے میں معلومات کے لیے 311 سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

c. کاغذی بیلٹس مہتمم کے دفاتر میں بھی دستیاب ہوں گے۔ اگر مہتمم کا دفتر ایک NYCSA اکاؤنٹ تشکیل دیتا ہے اور والدین کی جانب سے والدین کا ووٹ ڈالتا ہے، تو مہتمم کے دفتر کو ان والدین کا مکمل کردہ کاغذی بیلٹ (بیلٹس) کے ریکارڈز رکھنا لازمی ہے جسے والدین کے مکمل کردہ انتخاب کی نشاندہی، NYCSA کا اکاؤنٹ بنانے اور والدین کی جانب سے ان کا ووٹ ڈالنے کی والدین کی اجازت اور مہتمم کے دفتر کا والدین کی جانب سے ووٹ ڈالنے کے تصدیق نامہ پر مشتمل ہونا چاہیئے۔

3. امیدواروں کو نشستیں دینا

a. D75 میں نو (9) منتخب نشستوں کو کسی بھی اہل والدین کے ذریعے پُر کیا جا سکتا ہے۔ اسکے علاوہ، تمام نشستیں پُر کرنے کے لیے اور / یا ایک IEP دینے کی حد تک، D75 کونسل میں ایک سے زیادہ نمائندہ نہیں ہونا چاہیئے۔

b. جب بیلٹس کی گنتی (ٹیلی) کی جائےسب سے زیادہ ووٹ حاصل کرنے والے مشروط طور پر نو امیدواروں سے ایک نشست کو پُر کیا جانا چاہیئے۔ البتہ، اگر ان سات امیدواروں میں ایک سے زائد امیدوار ایک ہی اسکول سے ایک سے زیادی امیدوار شامل ہیں تو سب سے زیادہ ووٹ حاصل کرنے والے امیدوار کو منتخب کیا جائے گا، اسی اسکول کے سب کم ووٹ حاصل کرنے والے امیدوار کو ہٹا دیا جائے گا، اور ایک ایسے اسکول کے اگلے سب سے زیادہ ووٹ حاصل

کرنے امیدوار کو مشروط طور پر منتخب کیا جانا چاہیئے جس اسکول کی نمائندگی D75 کونسل میں پہلے سے موجود نہیں ہے۔

4. ضمنی انتخابات

a. ضمنی انتخابات کا انعقاد اس وقت کیا جانا چاہیئے جب:
   i. امیداواروں کے مابین یا درمیان ووٹوں کی تعداد مساوی ہو جائے؛ یا
   ii. تمام امیدواروں کو جنکا ایک مشترکہ اسکول نہیں ہے D75 میں ابتدائی طور پر نشست دیئے جانے بعد ایک یا زائد نشستیں خالی رہ جائیں۔

b. امیدواروں کے مابین یا درمیان مساوی ووٹوں کی تعداد کی صورت میں، صرف مساوی ووٹ رکھنے والے امیدوار ہی ضمنی انتخاب میں شامل ہوں گے۔

c. ایک یا زائد نشستوں کے پُر نہ ہونے کی وجہ سے ضمنمی انتخاب کی صورت میں صرف وہ امیدواران جن کو مشروط طور پر منتخب نہیں کیا گیا ہے اور جو ایک خالی نشست کے ساتھ D75 کونسل کی نمائندگی کرتے ہیں اور جنکے کے بچے ایسے اسکول میں شرکت نہیں کرتے جس کی نمائندگی نشست رکھنے والے امیدوارن پہلے ہی سے کر رہے ہوں اس ضمنی انتخابات میں حصہ لے سکیں گے۔ اگر ضمنی انتخابات تمام نشستوں کو پُر کرنے میں ناکام رہتے ہیں تو پھر D75 کونسل میں اسکول سے متعلق ایک سے زائد نمائندگان نہ ہونے کی پابندی کا اطلاق نہیں ہو گا۔

d. جب ضمنی انتخابات کا نتیجہ برابر ووٹ کی صورت میں ہو تو محکمہٗ تعلیم کی جانب سے انتخابی کارروائی کا انتظام کرنے والا خودمختار اہلکار قرعہ اندازی کے ذریعے جیتنے والے کا انتخاب کرے گا۔

e. اگر ضمنی انتخابات کے مذکورہ بالا میں طے کردہ طریقۂ کار کے ذریعے تمام نشستیں پُر نہیں ہو سکیں تو کونسل میں خالی آسامی کی موجودگی تصور کی جائے گی، جس کو اس ضابطہ کے جز II.J. کے تحت دیے گئے طریقۂ کار کے مطابق پُر کیا جانا چاہیئے۔

G. بعد از انتخاب قابلیت / اہلیت پر نظر ثانی

1. امیدواران کے مشروط انتخاب کے بعد لیکن انکے عہدہ سنبھالنے سے قبل، FACE یہ تعین کرے گا کہ آیا نامزدگان D75 کونسل میں خدمات سرانجام دینے کے اہل ہیں۔ اگر FACE یہ تعین کرتا ہے کہ کوئی امیدوار اہل نہیں ہے، FACE ایک تحریری فیصلہ جاری کریگا جس میں اس کے جاری کیے جانے کی حقیقی اور قانونی وجہ شامل ہوگی۔ اگر FACE کسی امیدوار کو نااہل قرار دیتا ہے تو اسکی جگہ وہ امیدوار لے گا جس نے اسکے بعد سب سے زیادہ تعداد میں ووٹ حاصل کیے تھے، اور امیدوار کا تعلق ایک ایسے اسکول سے ہے جسکی پہلے D75 میں نمائندگی نہیں ہے۔

2. اگر کوئی منتخب کردہ امیدوار انتخابی سال کے 30 جون کو یا اس سے قبل، نااہل یا غیرمستحق ہو جاتا ہے، تو وہ امیدوار جسکو ابتدائی انتخابی کارروائی میں اسکے بعد سب سے زیادہ ووٹ ملے ہوں جو ایسے اسکول سے نہ ہو جسکی پہلے سے D75 کونسل میں نمائندگی ہو، مشروط طور پر منتخب تصور کیا جائے گا۔

3. اگر اس حصے میں خاکہ کش کردہ کے تحت امیدواروں کے انتخاب کا نتیجہ برابر کے ووٹ کی صورت میں ہو تو محکمۂ تعلیم کی جانب سے انتخابی کارروائی کا انتظام کرنے والا خودمختار اہلکار قرعہ اندازی کے ذریعے جیتنے والے کا انتخاب کرے گا۔

4. اگر انتخاب کے لیے کوئی بھی اہل امیدوار دستیاب نہیں رہتا، تو کونسل میں ایک خالی آسامی کا وجود باور کیا جائے گا، جو اس ضابطہ کے حصہ II.J کے تحت طے کردہ طریقۂ کار کے تحت پُر کی جائے گی۔

H. انتخاب کا وقت

1. D75 کونسل کے اراکین کے انتخابات کا انعقاد طاق سالوں میں ہر دو سال میں کیا جانا چاہیئے۔ سوائے کسی ضروری ضمنی انتخابات کے، مئی کے دوسرے منگل تک ووٹ ڈالنے کا اختتام ہو جائیگا ۔

2. انتخابات منعقد کیے جانے والے سال کے جنوری میں انتخابات کی کارروائی کا آغاز کیا جائے گا، جس میں FACE کی جانب سے D75 کونسل کی ذمہ داریوں، نظام اور سرگرمیوں کے متعلق عام معلومات، امیدوار کی معلومات کے ساتھ ساتھ درخواست کی نوعیت اور ووٹ ڈالنے کے طریقۂ کار کے متعلق معلومات کی تشہیر کی جائیگی۔

3. D75 کونسل کے اراکین کی معیاد کا آغاز انتخابات کے سال کی 1 جولائی سے ہوگا اور اس کا اختتام دو سال بعد 30 جون کو ہو گا۔ D75 کونسل کے تمام ارکان سے اپنی معیاد کا آغاز کرنے سے قبل FACE کے زیر انتظام واقفیتی اجلاس میں شرکت کرنا اور ان کی معیاد کے دوسرے سال میں کم سے کم ایک اضافی تربیت موصول کرنا مطلوب ہے۔

I. استعفے

1. والدین اراکین

والدین رکن کے استعفے لازماً تحریری ہوں اور FACE کے نام اس پتے پر بھیجے جانا چاہئیں ccecinfo@schools.nyc.gov. FACE کے موصول کرنے پر استعفے فوراً نافذالعمل ہو جائیں گے، ماسوائے اگر ایک مستقبل کی تاریخ دی گئی ہو۔ استعفے واپس، منسوخ، یا ترمیم نہیں کیے جا سکتے ماسوائے FACE کی اجازت کے۔

2. عوامی حمایتی نمائندے کے تقرر کردہ

عوامی حمایتی نمائندے کے تقرر کردہ کے استعفوں کا تحریری ہونا لازمی ہے، ان کو عوامی حمایتی نمائندے کو بھیجا جانا چاہیئے اور، اس کے ساتھ ایک نقل FACE کو ccecinfo@schools.nyc.gov بھیجی جانا چاہئیے۔ عوامی حمایتی نمائندے کے موصول کرنے پر استعفے نافذالعمل ہو جائیں گے، ماسوائے اگر ایک مستقبل کی تاریخ دی گئی ہو۔ استعفے واپس نہیں لیے جا سکتے، انکو منسوخ، یا ان میں ترمیم نہیں کی جاسکتی بجز عوامی حمایتی نمائندے کی اجازت سے۔

3. طالبِ علم رکن

طالبِ علم رکن کے استعفوں کا تحریری ہونا لازمی ہے، ان کو ضلع 75 کے مہتمم کے نان ہونا چاہئیے اس کے ساتھ ایک نقل FACE کو اس ccecinfo@schools.nyc.gov پر بھیجی جانی چاہیئے۔ ضلع 75 مہتمم کے موصول کرنے پر استعفے نافذالعمل ہو جائیں گے، ماسوائے اگر ایک مستقبل کی تاریخ دی گئی ہو۔ استعفے واپس، منسوخ، یا ترمیم نہیں کیے جاسکتے ماسوائے ضلع 75 کے مہتمم کی اجازت کے۔

J. خالی آسامیاں

1. والدین کے اراکان اور عوامی حمایتی نمائندے کی تقرر کردہ خالی آسامیاں

a. D75 کونسل کے وہ اراکین جو اپنی معیاد کے دوران D75 کونسل کے معمول میں شیڈول کردہ تین اجلاس میں کسی مستند تحریری وضاحت کے بغیر شرکت کرنے سے انکار کرتے ہیں یا غفلت کرتے ہیں جبکہ انکی اطلاع انہیں معقول انداز میں دی جا چکی ہو، اس عہدے کو چھوڑ دینا تصور کیا جائے گا۔

i. ہر غیرحاضری اور فراہم کردہ تحریری معذرت کو اس اجلاس کی باضابطہ روداد میں شامل کیا جانا چاہیئے۔

ii. ذیلی غیرحاضریاں مستند جواز جانی جائیں گی: کسی رشتہ دار کا انتقال یا کسی رشتہ دار کے جنازے میں شرکت؛ ط کے رکن یا اہلِ خانہ کی سنگین بیماری یا زخمی ہو جانا؛ عدالت میں لازمی پیشی بشمول جیوری خدمت کے؛ فوجی خدمت؛ ملازمت سے متصادم جو D75 کونسل کے اجلاس سے غیرحاضری کو ناگریز بنا دے؛ اور دیگر وجوہات جنہیں D75 کونسل مناسب قرار دے۔ ایسے دیگر جواز کو مستند تصور کیا جائے گا بشرطیکہ ان کو غیر حاضری کے 15 دنوں سے پہلے D75 کونسل کو تحریر میں پہنچایا جائے اور ان کو D75 کونسل کے اگلے معمول کے شیڈول کردہ ایسے ماہانہ اجلاس میں ووٹ دینے کے ذریعے منظور کیا جائے جس میں اجلاس کی حاضری کی مطلوبہ تعداد ہو۔

iii. تیسری غیر معاف شدہ غیرحاضری کے بعد، D75 کونسل کو قرارداد کے ذریعے وہ نشست خالی قرار دے دینی چاہئیے اور FACE کو اپنے اس عمل سے مطلع کرنا چاہیے۔ عوامی حمایتی نمائندے کے تقرر کردہ کی ایک نشست کو خالی قرار دینے کی صورت میں، D75 کونسل کو عوامی حمایتی کو بھی مطلع کرنا چاہیئے۔

b. جب ایک والدین رکن کی ایک آسامی خالی ہو جائے تو، D75 کونسل کو میعاد کی باقی ماندہ مدت کے لیے ایک عوامی اجلاس میں انتخابات کے ذریعے خالی عہدے کی آسامی کو پُر کرنا چاہیئے۔

i. D75 کونسل خالی آسامی کی بھرپور تشہیر بھر پور کرے گا، درخواست کے طریقئہ کار کی وضاحت کرے گا اور درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ مقرر کرے گا۔

ii. تمام امیدواروں کو FACE سے D75 کونسل کی ایک خالی آسامی کی درخواست حاصل کرنا لازمی ہے اور مکمل کردہ درخواست FACE کو واپس کرنی چاہیئے۔ FACE نشست کو پُر کرنے کے لیے اہلیت کا جائزہ لے گا، اور اہل امیدواروں کی درخواست کو D75 کونسل کو بھیجے گا۔

iii. اجتمائی اسکول ضلع 75 کے صدور کونسل اور دوسرے دلچسپیاں تعلیمی گروپوں کو آسامی پُر کرنے سے پہلے تحریری تجاویز دینے کا اور D75 کونسل کے ساتھ مشاورت کرنے کا موقع دیا جائے گا۔

c. اگر والدین کی آسامی مساوی ووٹ کے باعث اس کے اعلان کیے جانے کے 60 ایام کے اندر D75 کونسل کے ذریعے پُر نہیں کی جاتی ہے، تو برابری کو ختم کرنے کے لیے چانسلر فیصلہ کُن ووٹ ڈالے گا۔ اگر D75 کونسل کسی بھی دیگر وجہ سے آسامی کو 60 ایام کے اندر پُر کرنے میں ناکام رہتی ہے، تو چانسلر D75 کونسل کو آسامی پُر کرنے کا حکم دے سکتے ہیں۔

d. جب عوامی حمائتی نمائندے کے ذریعے تقرر کردہ عہدے کے لیے آسامی خالی ہو، تو عوامی حمائتی نمائندے کو بقایا معیادی مدت کے لیے خدمات انجام دینے کے لیے کسی رکن کا تقرر کرنا ہوگا۔ دلچسپی رکھنے والے افراد کو FACE سے D75 کونسل کی ایک عوامی حمایتی نمائندے کے تقرر کردہ کی خالی آسامی کی درخواست حاصل کرنا لازمی ہے اور مکمل کردہ درخواست FACE کو واپس کرنی چاہیئے۔ FACE نشست کو پُر کرنے کے لیے اہلیت کا جائزہ لے گا، اوردرخواست عوامی حمایتی نمائندے کو بھیجے گا ۔ تقرری کے تمام فیصلے اس عوامی حمایتی نمائندے کی صوابدید پر ہوں گے۔

2. طالبِ علم رکن کی خالی آسامیاں

طالبِ علم کی آسامیوں کی صورت میں، ضلع 75 مہتمم ناقی معیادی مدت کی خدمات انجام دینے کے لیے کسی اور سینئر کا تقرر کرنا چاہیئے۔ ضلع 75 مہتمم FACE اور D75 کونسل کو اس تقرری سے آگاہ کرے گا۔

## III. شکایت دائر کرنے کا طریقۂ کار

اس ضابطہ کی تعمیل کے بارے میں شکائتیں چانسلر کو مبینہ خلاف ورزی کے پانچ (5) دنوں کے اندر جمع کروانی چاہیئے، اور اس میں شکایت کی مخصوص وجوہات کا شامل ہونا لازمی ہے۔

## IV. تکنیکی معاونت

FACE اس ضابطہ میں موجود طریقِہ کار کے نفاذ پر نظر رکھے گا، اور حسبِ ضرورت تکنیکی معاونت فراہم کرے گا۔

اس ضابطے سے متعلق سوالات اس پتے پر ارسال کیے جائیں:

Office of Family and Community Empowerment

N.Y.C. Department of Education

52 Chambers Street – Room 409

New York, NY 10007

فون :212-374-4118

ای میل: CCECinfo@schools.nyc.gov